
واسقیناکم ماء فراتا
تفسیر فرات (اردو)
شیخ المحدثین علامہ
فرات بن ابراہیم کوفیؒ
ترجمہ
ملک العلماء الحاج مولانا
محمد شریف صاحب قبلہ
پیشکش
قرآن ریسرچ کمیٹی
جامعہ صاحب الزمان علیہ السلام ملتان

حقوق الطبع محفوظة

نام کتاب ——— تفسیر فرات

مؤلف ——— شیخ المحدثین سرکار علامہ
فرات بن ابراہیم کوفی

مترجم ——— ملک العلماء الحاج مولانا
ملک محمد شریف صاحب
مرحوم شاہ رسولوی ملتان

پیشکش ——— تنظیم محب علی علیہ السلام
لندن انگلینڈ

ناشر ——— قرآن ریسرچ کمیٹی
جامعہ صاحب الزمان
علیہ السلام ملتان

ہدیہ ——— 175/- روپے

اگست 2003ء

تنظیم انتظار مہدیؑ ملتان

ابن عباس ـــــ مؤذن اور اذان، خدا نے کہا:ـــــ

فاذن مؤذن بینھم ان لعنۃ اللّٰہ علی الظالمین۔

"ایک مؤذن اذان دے گا کہ ظالمین پر اللہ کی لعنت ہے۔"

حضرت مؤذن ہیں (قیامت کے روز) حضرت فرمائیں گے: خدا کی لعنت جھوٹوں پر جنہوں نے میری ولایت کو جھٹلایا اور میرے حق کو پوشیدہ کیا۔

اصبغ بن نباتہؓ کا بیان ہے کہ میں امیرالمومنین علی ابن ابی طالب کی خدمت میں بیٹھا تھا کہ ابن کوا آیا اور کہنے لگا کہ مجھے اس آیت کے متعلق بتائیے۔

وَلَیْسَ الْبِرُّ بِاَنْ تَاْتُوا الْبُیُوْتَ مِنْ ظُھُوْرِھَا وَلٰکِنَّ الْبِرَّ مَنِ اتَّقٰی وَاْتُوا الْبُیُوْتَ مِنْ اَبْوَابِھَا۔

"کہ گھروں میں پشت کی جانب سے داخل ہونا نیکی نہیں بلکہ دروازوں سے داخل ہونا نیکی ہے۔"

اس سے امیرالمومنینؑ نے فرمایا کہ ان گھروں سے مراد ہم لوگ ہیں، جن کے دروازوں سے داخل ہونا چاہیے۔ ہم خدا کا دروازہ اور گھر ہیں جس کے اندر داخل ہونا چاہیے۔ جو ہمارے پاس آئے اور ہماری ولایت پر ایمان لائے وہ گھروں میں دروازوں سے داخل ہوا، جس نے ہماری مخالفت کی اور ہمارے دشمن کو ہم پر فضیلت دی تو وہ شخص گھروں میں پشت کی جانب سے داخل ہوا۔

پھر پوچھا اس آیت کا کیا مطلب ہے!

وَعَلَی الْاَعْرَافِ رِجَالٌ یَّعْرِفُوْنَ کُلًّا بِسِیْمَاھُمْ

"اعراف پر آدمی موجود ہوں گے، جو لوگوں کو ان کی پیشانیوں سے پہچانیں گے۔"

فرمایا ـــــ وَنَحْنُ الْاَعْرَافُ